فوری ریلیز کے لیے: 17/10/2022 گورنر **KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے نیویارک کے LGBTQ بزرگ باشندوں کے لیے معاونتی نیٹ ورک کو مستحکم کرنے کے لیے قانون سازی پر دستخط کیے ہیں

قانون سازی (S.78-A/A.7855) بزرگ امریکیوں کے وفاقی ایکٹ کے بیان "سب سے بڑی سماجی ضرورت" کی وضاحت کرتی ہے تاکہ ان LGBTQ بزرگ افراد کے لیے ریاستی سروس کے پروگراموں کو مستحکم کیا جا سکے جنہیں معاونت و دیکھ بھال کے قلیل روایتی ذرائع میسر ہوں۔

گورنر Kathy Hochul نے آج قانون سازی (S.78-A/A.7855) پر دستخط کیے جس کے تحت نیویارک کے بزرگ باشندوں کی معاونت کے لیے ریاست نیویارک کے بزرگ افراد کے دفتر (Office for the Aging) کی جانب سے فراہم کردہ پروگرام میں ترمیم گئی ہے۔ یہ قانون وضاحت کرتا ہے کہ 1965 کے بزرگ امریکیوں کا ایکٹ، جو "سب سے بڑی سماجی ضرورت" کی بنیاد پر فنڈنگ اور خدمات کی ہدایات جاری کرتا ہے، اس میں نسلی اور آبائی قومیتی حیثیت، جنسی میلان، صنفی شناخت یا اظہار، یا HIV اسٹیٹس کی وجہ سے رکاوٹوں یا علیحدگی پر غوروخوض شامل ہے۔ یہ عوامل ایسے غیر معاشی عوامل ہیں جو کسی بزرگ فرد کے روزمرہ معمول کے کاموں کی انجام دہی کی اہلیت کو متاثر کر سکتے ہیں اور یہ بل اس امر کو یقینی بنائے گا کہ ان عوامل کو ہر فرد کے آزادانہ رہن سن کی استعداد میں معاونت کی خاطر خدمات کا نظم کرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔

"بطور گورنر میری اہم ترجیحات میں سے ایک نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے ان کی شناخت سے قطع نظر، انہیں درکار نگہداشت اور مدد کے حصول کو یقینی بنانا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "LGBTQ کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے بزرگ افراد کی جسمانی اور ذہنی نگہداشت میں انتہائی عدم مساوات پائی جاتی ہے، اور اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دینے کے دوران، کہ نیویارک کے LGBTQ بزرگ افراد کو وہی عزت و احترام اور معاونت ملے، جو ریاست میں دیگر کسی بھی فرد کو حاصل ہوتا ہے، ان عدم مساواتوں کا توڑ کرنے کے لیے یہ قانون سازی ایک اہم قدم ہے۔"

موجودہ طور پر، وفاقی قانون یہ تقاضا کرتا ہے کہ ایسے ریاستی منصوبے، جو بزرگ امریکیوں کے ایکٹ (Older Americans Act، OAA) کے پروگراموں اور سروسز کا نظم کرتے ہیں، ان کا ہدف دیہی علاقوں میں موجود ایسے گروہ ہوں، جو کئی معذوریوں کا شکار ہوں، انگریزی کی محدود مہارت کے حامل ہوں، مرض الزائمر یا اس سے متعلقہ عوارض کا شکار ہوں، وہ جنہیں ادارہ جاتی تفویض کا خطرہ لاحق ہو، وہ جنہیں ازحد معاشی معاونت درکار ہو، نیز وہ افراد جو ازحد سماجی ضرورت رکھتے ہوں۔

ہم جنس پرست لڑکا، ہم جنس پرست لڑکی، دو جنسی اور مخنث بالغان کے لیے خدمات و معاونت (Services & Advocacy for Gay, Lesbian، SAGE) کے مطابق، LGBTQ بزرگ افراد کو اکثر معاونت اور دیکھ بھال کے قلیل روایتی ذرائع حاصل ہوتے ہیں ، جس کے باعث وہ اپنے غیر LGBTQ ہم رتبہ افراد کی نسبت ناقص جسمانی اور ذہنی صحت اور غربت کی اعلیٰ شرحیں رکھتے ہیں، اور جنہیں کئی دہائیاں طویل حقیقی و متصور امتیاز کے نتیجے میں واضح ثقافتی و سماجی علیحدگی کا سامنا رہتا ہے۔

1965 کے وفاقی OAA ایکٹ کی رہنمائی میں LGBTQ بزرگ افراد کو واضح طور پر شامل نہیں کیا گیا ہے۔ مذکورہ قانون کی رہنمائی کی ذریعے، ریاستیں OAA پروگراموں اور سروسز کا نظم کرنے کے لیے LGBTQ بزرگ افراد کو اپنے ریاستی منصوبوں میں شامل کر سکتی ہیں، اور یہ قانون سازی ان کی شمولیت کو قانونی شکل دینے کے ساتھ ریاست نیویارک کے بزرگ افراد کے قانون کے مطابق "سب سے بڑی سماجی ضرورت" والے گروہوں کے طور پر HIV کے شکار بزرگ افراد کو شامل کرے گی۔ نیویارک ان ریاستوں کے ساتھ شامل ہو گا جو اس طبقے کی منفرد سماجی ضرورتوں کو پہلے سے تسلیم کرتی ہیں مثلاً کیلیفورنیا اور الینوائے، اور یہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ریاست نیویارک LGBTQ بزرگ افراد کو ایسی خدمات اور معاونتیں فراہم کرے، جو عمر گزرنے کے ساتھ انہیں درکار ہوتی ہیں۔

ریاستی سینیٹر Brad Hoylman نے کہا، "وفاقی بزرگ امریکیوں کا ایکٹ ہمارے بزرگوں کو "سب سے بڑی سماجی ضرورت"، یعنی باوقار زندگی گزارنے کے لیے ضروری وسائل کی فراہمی کا ایک اہم ترین ذریعہ ہے، اور نیویارک میں اس ایکٹ کا مکمل طور پر نفاذ و انتظام ہمارے لیے ضروری ہے۔ رکن اسمبلی Bronson کے ساتھ ہمارا بل (S.78A) اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ غیر معاشی عوامل — مثلاً نسلی و آبائی قومیتی حیثیت، جنسی میلان، صنفی شناخت یا اظہار، یا HIV علیحدگی کے باعث جسمانی اور ذہنی معذوری، زبان کی رکاٹیں، اور ثقافتی یا سماجی علیحدگی — ریاست کے زیرِ غور رہیں۔ سینیٹ کے اکثریتی رہنما Stewart-Cousins کا شکریہ جنہوں نے رائے دہی کے لیے یہ بل پیش کیا اور گورنر Hochul کا شکریہ جنہوں نے قانون کی شکل دینے کے لیے ہمارے اس بل پر آج دستخط کیے۔"

رکن اسمبلی Harry B. Bronson کا کہنا تھا کہ، "میں اس اہم قانون سازی کو قانون کی شکل دینے کو یقینی بنانے کے لیے اپنے رفقائے کار سینیٹر Hoylman اور گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ بزرگ امریکیوں کا ایکٹ ہر شخص پر اثرانداز ہوتا ہے—خواہ وہ بزرگ افراد ہوں، یا وہ لوگ جو ان کی معاونت میں مدد دیتے ہیں، اور ہم سب پر بھی، جو امید کرتے ہیں کہ ایک دن ہم بھی بوڑھے ہو جائیں گے۔ یہ وقار کے ساتھ، آزادانہ زندگی بسر کرنے کے حق کی حفاظت کرنے کے عہد کی بھی تائید کرتا ہے، جس کے مطابق اپنی تمام تر زندگی کے دوران ہم روزمرہ کے فیصلے اپنی انفرادی ترجیحات اور اہداف کی بنیاد پر کریں۔ یہ عہد سب سے بڑھ کر اہم ہے، اور یہ قانون سازی نیویارک کے بہت سے باشندوں سے کیے گئے عہد کی تکمیل میں مدد دے گی۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418